سوال

(192) من عرف نفسہ فقد عرف ربہ یہ حدیث ہے یا دلیل اگر حدیث ہے تو قوی ہے یا ضعیف؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

من عرف نفسہ فقد عرف ربہ یہ حدیث ہے یا دلیل اگر حدیث ہے تو قوی ہے یا ضعیف؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی بذرگ کا قول ہے۔ اس کے معنی ہیں جو کوئی اپنے آپ کو بغور دیکھے کہ میں کیسا عاجز محتاج ہوں وہ خدا کو پہچان جاتا ہے۔ کیونکہ یہ انسان کو خدا کی ہستی کا ثبوت دیتی ہے۔ (14 محرم 1330 ہجری)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 150

محدث فتویٰ